© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

مولانا حافظ محمد ابراھیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ

نام کتاب :۔ انوار الحدیث (جلد ششم) صفحات ۳۴۰ قیمت ۲۰۰ روپے

افادات :۔ علامہ قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب رحمہ اللہ ناشر :۔ دارالارشاد مدنی روڈ اٹک شہر

شیخ التفسیر مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب رحمہ اللہ کی شخصیت محتاج تعارف نہیں ۔ درس قرآن وحدیث زندگی بھی آپکا اوڑھنا بچھونا رہا ۔ آپ کے متعلق آپ کے شیخ شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ نے فرمایا کہ محترم المقام حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب موجودہ دور کے ان علماء کرام میں سے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے محض اپنے کرم وفضل سے کتاب وسنت کے سمجھنے کیلئے خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے ۔ واہ کینٹ میں آپ نے ۳۶ سال تک درس قرآن دیا اور اس طویل عرصہ میں ایک درس کا بھی ناغہ نہیں ہوا ۔ ان دروس کا مجموعہ ۲۸ جلدوں میں طبع ہوچکا ہے ۔ درس قرآن عزیز کے ساتھ ساتھ آپ درس حدیث بھی دیا کرتے تھے جن کی ۵ جلدیں حضرت کی حیات ہی میں "انوارالحدیث" کے نام سے منصۂ شہود پر آچکی تھیں ۔ جبکہ یہ چھٹی جلد آپ کے سانحہ ارتحال کے بعد طبع ہوگئی لیکن اس کی خصوصیت یہ ہے کہ حضرت قاضی صاحب رحمہ اللہ نے اپنی حیات مبارکہ کے آخری دن بھی اس کی تصحیح کا کام فرمایا ۔ اس جلد میں کل ۲۷ دروس میں ۳۳ احادیث مبارکہ کی تشریح آسان اور عام فہم انداز میں آچکی ہے ۔

---

نام کتاب :۔ بدایۃ النحو فی تسہیل ہدایۃ نخوا (عربی) مرتب :۔ مولانا محمد عثمان صاحب

صفحات :۔ ۲۵۴ ۔ قیمت : ۴۰ روپے ۔ ناشر :۔ زم زم پبلیشرز ، جنید مینشن ڈی میلوروڈ کراچی نمبرا

ہر زبان سیکھنے کیلئے اس کی گرائمر سے واقفیت از حد ضروری ہے چونکہ عربی قرآن وحدیث کی زبان ہے اور مسلمانوں کا علمی ذخیرہ تقریباً عربی ہی سے ماخوذ ہے ۔ اسی لئے مدارس عربیہ میں عربی زبان کے قواعد وضوابط کے سیکھنے کیطرف بھرپور توجہ دیجاتی ہے ۔ چونکہ علم نحو عربی زبان کے اساسیات میں سے ہے اور اسی فن میں کئی کتابیں مدارس عربیہ میں متداول ومتدارس ہیں جن میں سے ایک کتاب " ھدایۃ النحو " ہے ۔ مرتب نے طلباء کی آسانی اور تسہیل کی خاطر اسی کتاب کے مسائل عربی زبان میں بصورت سوال وجواب یکجا کئے ہیں اس سے ایک طرف علم نحو کے قواعد ومسائل بھی یاد ہوجائیں گے ۔ اور دوسری جانب عربی سی بھی ممارست پیدا ہوگی ۔ مزید آسانی کی خاطر نقشہ جات اور جداول کی مدد سے بھی مسائل کی توضیح کی گئی ہے ۔

© rasailojaraid.com